انڈس ڈائنگ اینڈ مینوفیکچرنگ کمپنی لمیٹڈ

نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ **انڈس ڈائنگ اینڈ مینوفیکچرنگ کمپنی لمیٹڈ** (کمپنی) کے اراکین کا غیر معمولی اجلاس عام ("EOGM") مورخہ 15 جون 2026ء بروز پیر شام 04:00 بجے، پلاٹ نمبر 3 اور 7 ہیکٹر نمبر 25 کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی میں منعقد ہوگا جس میں درج ذیل امور نمٹائے جائینگے:

عمومی امور

1۔ مورخہ 28 اکتوبر 2025ء کو منعقدہ 68ویں منعقدہ سالانہ جلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ کمپنی ایکٹ 2017ء کی دفعہ 159 کے مطابق، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کردہ آئندہ تین سالہ مدت، جو 15 جون 2026ء سے شروع ہوگی، کے لیے کمپنی کے نو (9) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا، درج ذیل سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کی جگہ، جو دوبارہ انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے کے اہل ہیں:

1- جناب نوید احمد
2- میاں شہزاد احمد
3- میاں عمران احمد
4- جناب کاشف ریاض
5- جناب عرفان احمد
6- جناب شیخ شفقت مسعود
7- محترمہ فادیہ کاشف
8- جناب فیصل حنیف
9- جناب عامر امین
10- محترمہ عذرا یعقوب واوڈا

3۔ صدر نشین کی اجازت سے کوئی اور امور نمٹانا۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3)166 کے تحت آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کا طریقہ کار سے متعلق اہم حقائق پر مشتمل بیان، اجلاس کے نوٹس کے ساتھ منسلک ہے جو کمپنی کے اراکین کو ارسال کیا گیا ہے۔

حسب الحکم
(احمد فہیم نیازی)
کمپنی سیکریٹری

کراچی
مورخہ: 22 مئی 2026ء

نوٹس

1) کتب بندش کا نوٹس:

کمپنی کے شیئر ٹرانسفر بکس 09 جون 2026ء سے 15 جون 2026ء تک (دونوں دن شامل) غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت، ووٹنگ اور ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مرحلہ کے دوران بند رہیں گے۔ تمام لحاظ سے مکمل فزیکل ٹرانسفرز/ CDS ٹرانزیکشن آئی ڈیز جو مورخہ 08 جون 2026ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز جوافر رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (رجسٹرار)، آفس نمبر 20، پانچویں منزل، آر کے اسکوائر ایکسٹینشن، نیو چالی، شاہراہ لیاقت، کراچی، ٹیلیفون 75-32440974 (21-92+) کو موصول ہوں گی، انہیں اجلاس میں شرکت اور ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

2) اجلاس میں شرکت کے لیے:

i۔ انفرادی اراکین کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن تفصیلات CDC ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ شدہ ہوں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کر کے اپنی شناخت ثابت کریں گے۔

ii۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد نمائندے کے نمونہ دستخط اجلاس کے وقت پیش کرنا لازم ہوگا (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں)۔

3) پراکسی مقرر کرنے کے لیے:

i۔ انفرادی اراکین کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن تفصیلات CDC ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ شدہ ہوں، مندرجہ بالا شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

ii۔ پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط لازمی ہوں گے اور ان کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج کیے جائیں گے۔

iii۔ بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا لازم ہوں گی۔

iv۔ پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔

v۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نمونہ دستخط پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کروانا لازم ہوگا (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

اراکین سے درخواست ہے کہ اگر ان کے پتے میں کوئی تبدیلی ہو تو، بک انٹری سیکیورٹیز کی صورت میں اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹس/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو اور فزیکل شیئرز کی صورت میں کمپنی کے رجسٹرار کو، اپنے فولیو نمبر اور کمپنی کے نام کے حوالہ کے ساتھ، مذکورہ بالا پتے پر مطلع کریں، اگر پہلے اطلاع نہ دی گئی ہو۔

4) ڈائریکٹرز کا انتخاب:

کوئی بھی شخص (بشمول سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹر) جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہو، وہ EOGM کی تاریخ سے کم از کم 14 دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں یا ای میل corporate.affairs@indus-group.com کے ذریعے درج ذیل دستاویزات/ معلومات جمع کروائے:

الف) اپنا فولیو نمبر/ CDC انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/ CDC پارٹیسپنٹ نمبر/ سب اکاؤنٹ نمبر۔ امیدوار کا ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کیلئے رضامندی جمع کرواتے وقت کمپنی کا رکن ہونا ضروری ہے۔

ب) کمپنی ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3)159 کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کی خواہش کا نوٹس، درج ذیل میں سے کسی ایک زمرہ میں، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019ء کے ریگولیشن 7A کی تعمیل میں:

خاتون ڈائریکٹر
آزاد ڈائریکٹر
دیگر ڈائریکٹر

کوئی بھی رکن صرف ایک زمرہ منتخب کر سکتا ہے جس میں وہ انتخاب لڑنا چاہتا ہو۔ اگر ایک سے زائد زمروں میں نامزدگی دی جائے تو صرف ایک زمرہ میں انتخاب میں حصہ لینے کی اجازت ہوگی۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے ووٹنگ مذکورہ تینوں زمروں میں علیحدہ علیحدہ ہوگی۔ رکن اپنی صوابدید کے مطابق خاتون، آزاد اور دیگر ڈائریکٹرز کے امیدواروں میں ووٹ تقسیم کر سکتا ہے۔ تاہم، ہر زمرہ میں دستیاب ووٹوں کی تقسیم متعلقہ نشستوں کی تعداد کے تناسب سے ہوگی۔ اگر کسی زمرہ میں انتخاب لڑنے والے افراد کی تعداد اس زمرہ کی نشستوں سے زیادہ نہ ہو تو ایسے افراد بلا مقابلہ منتخب تصور ہوں گے۔

ج) کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 167 کے تحت بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کی رضامندی۔

د) SECP کی جانب سے جاری کردہ SRO2019(I)/1196 مورخہ 3 اکتوبر 2019ء کے مطابق کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کرنے کے لیے تفصیلی پروفائل بمعہ دفتری پتہ۔

ہ) غیر مقیم کی صورت میں CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل، دو عدد حالیہ پاسپورٹ سائز تصاویر اور نیشنل ٹیکس نمبر۔

و) فعال ای میل ایڈریس اور ذاتی موبائل نمبر برائے الیکٹرانک خط و کتابت۔

ز) دیگر کمپنیوں میں عہدوں، ڈائریکٹرشپس اور ان میں مفاد کی تفصیلات۔

ح) آزاد ڈائریکٹر کی صورت میں کمپنی ایکٹ کی دفعہ 166 کے تقاضوں کی تعمیل۔ آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے والا رکن اسٹامپ پیپر پر اعلامیہ جمع کروائے گا کہ وہ کمپنی ایکٹ اور اس کے تحت جاری کردہ قواعد و ضوابط کے مطابق اہلیت اور آزادی کے معیار پر پورا اترتا/ اترتی ہے۔

ط) اسٹامپ پیپر پر اعلامیہ کہ:

* وہ کمپنی ایکٹ کی دفعہ 153، کمپنی ایکٹ کی دیگر دفعات، اور دیگر قابل اطلاق قوانین بقواعد و ضوابط (بشمول پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (PSX) کے لسٹنگ ریگولیشنز) کے تحت کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے؛
* وہ بیک وقت سات سے زائد لسٹڈ کمپنیوں میں بطور ڈائریکٹر (بشمول متبادل ڈائریکٹر) خدمات انجام نہیں دے رہا/ رہی؛
* وہ متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم و آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، PSX لسٹنگ ریگولیشنز، اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) 2019ء سے متعلق اپنے فرائض اور اختیارات سے آگاہ ہے۔

ی) آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 159 بمعہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019ء کے ریگولیشن 7A اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (1)166 کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریقہ کار کے ذریعے کیا جائے گا، اور وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (2)166 اور کمپنیز (طریقہ کار و انتخاب آزاد ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018ء میں بیان کردہ معیار پر پورا اتریں گے۔ یہ یقینی بنایا جائے گا کہ آزاد ڈائریکٹر کا نام پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس ("PICG") کی جانب سے برقرار رکھے گئے آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں موجود ہو۔

ک) مزید برآں، کمپنی کی ویب سائٹ پر ہر ڈائریکٹر سے متعلق مطلوبہ معلومات اور آزاد ڈائریکٹر کے طور پر امیدوار کے انتخاب کی وجوہات بھی اپ ڈیٹ کی جائیں گی۔

ل) دلچسپی رکھنے والے امیدواروں سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی ایکٹ 2017ء، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کمپنیز (طریقہ کار و انتخاب آزاد ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018ء اور دیگر قابل اطلاق قوانین و ضوابط میں درج ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلقہ شرائط و ضوابط کا بغور مطالعہ کریں اور ان پر من و عن عمل درآمد یقینی بنائیں۔

نوٹ: اگر انتخابات کے لیے اپنے آپ کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(1) کے تحت مقررہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو تو ایسی صورت میں کمپنی ارکان کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق ای-ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا اختیار فراہم کرے گی۔

5) وڈیو کانفرنس سہولت

کراچی کے علاوہ کہیں اور رہائش رکھنے والے ممبران غیر معمولی اجلاس عام کیلئے وڈیو کانفرنسنگ کی سہولت اس شرط پر حاصل کر سکتے ہیں کہ کمپنی کو اس شہر میں رہائش رکھنے والے مجموعی طور سے 10% یا زائد شیئرز کے حامل ممبران اپنی رضامندی (معیاری فارمیٹ ذیل میں درج ہے) سے کمپنی کو اجلاس عام کے انعقاد کی تاریخ سے کم از کم 07 یوم قبل تک پہنچا دی جائے۔

کمپنی متعلقہ ممبران کو وڈیو لنک کی سہولت کے مقام اور وہاں تک انہیں رسائی حاصل کرنے کے قابل بنانے والی مکمل ضروری معلومات سے اجلاس کے انعقاد کی تاریخ سے قبل مطلع کر دے گی۔

> میں/ہم، ----------بابتہ ----------بحیثیت ممبران انڈس ڈائنگ اینڈ مینوفیکچرنگ کمپنی لمیٹڈ، حاملین ----------معمولی شیئر بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر/ CDC اکاؤنٹ نمبر----------ذریعہ ہذا بمقام----------کمپنی کے اجلاس کیلئے ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شریک ہونے کا انتخاب کرتا/ کرتی ہوں/ کرتے ہیں۔

6) اجلاس عام میں آن لائن شرکت کے لئے وڈیو لنک انتظامات

جو حصص داران غیر معمولی جنرل اجلاس (EOGM) میں وڈیو لنک کے ذریعے شرکت کے خواہاں ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل تفصیلات کمپنی سیکرٹری دفتر میں ای میل ایڈریس corporate.affairs@indus-group.com پر EOGM کے انعقاد سے کم از کم دو (2) یوم کا رقمل بھیج کر رجسٹریشن کروائیں۔

نام حصص دار	CNIC نمبر	فولیو/ سی ڈی سی نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

☆ لاگ ان سہولت سہ پہر 3:45 سے اجلاس کے اختتام تک کھلی رہے گی۔

☆ پراکسیز کے ذریعے اپنی حاضری مستحکم اور شرکت کرنے پر EOGM میں شرکت کے لئے حصص داران کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

☆ حصص داران کی شناخت اور توثیق کے لئے مطلوبہ تمام سہولیات مکمل کرنے کے بعد حصص داران اپنے گھروں سے اپنے سمارٹ فون یا کمپیوٹر ڈیوائسز کے ذریعے EOGM کارروائی میں لاگ ان اور شرکت کرنے کے اہل ہونگے۔

کمپنی ارکان کی بھلائی میں حفاظتی اقدامات کو یقینی بنانے کے لئے حکومت اور SECP کی ہدایات کی تعمیل اور بہترین طریقوں کی پیروی کرے گی۔

7) پوسٹل بیلٹ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی پیروی میں کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 143 اور 144 کی ضروریات کے حوالہ سے ایجنڈا آئٹم کے لئے، ارکان کو مذکورہ بالا ریگولیشنز میں شامل ضروریات اور طریقہ کے مطابق ای ووٹنگ کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

8) فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 72 کے مطابق ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو کمیشن کی جانب سے مقررہ طریقہ کار اور اطلاع کردہ تاریخ کے مطابق، ایکٹ کے نفاذ یعنی 30 مئی 2017ء سے زیادہ سے زیادہ چار سال کے اندر بک انٹری فارم میں تبدیل کرے۔ مزید برآں، SECP نے مورخہ 26 مارچ 2021ء کے لیٹر کے تحت دفعہ 72 پر عمل درآمد اور شیئر ہولڈرز کو اپنے شیئرز بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی ترغیب دی ہے۔

مندرجہ بالا کے پیش نظر، وہ شیئر ہولڈرز جو فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس رکھتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو اسکرپ لیس فارم میں تبدیل کرنے کے لیے کسی بھی بروکر کے ذریعے CDC سب اکاؤنٹ یا براہ راست CDC کے ساتھ انویسٹر اکاؤنٹ کھول کر اپنے شیئرز سینٹرل ڈیپازٹری میں جمع کروائیں۔ اس سے شیئر ہولڈرز کی معلومات ممبرز رجسٹر میں منظم رکھنے، کمپنی کو مؤثر رابطہ قائم کرنے، اور واجبات کی بروقت ادائیگی میں سہولت حاصل ہوگی۔ مزید یہ کہ اسکرپ لیس فارم میں شیئرز محفوظ رہتے ہیں اور خرید و فروخت بھی تیزی سے ممکن ہوتی ہے۔

9) غیر دعویٰ شدہ منافع اور بونس شیئرز

شیئر ہولڈرز جو کسی وجہ سے اپنے ڈیویڈینڈز اور/ یا بونس شیئرز کلیم نہیں کر سکے کو ہدایت ہے کہ اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈینڈز اور/ یا بونس شیئرز اگر کوئی ہوں، کے بارے دریافت/ حاصل کرنے کیلئے ہمارے شیئرز رجسٹرار میسرز جوافس Jwaffs رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کریں۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3)166 کے تحت اہم حقائق کا بیانیہ

آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا۔ جو امیدوار بطور آزاد ڈائریکٹر انتخابات میں حصہ لے گا، اس کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)166 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے ریگولیشن (3)6 میں درج شرائط اور اہلیت کے تقاضے پورے کرے۔

کمپنیز ایکٹ کے سیکشن (3)166 کے مطابق، اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ ٹھوس حقائق کا بیان شامل کرنا لازمی ہے، جو آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کے جواز کو واضح کرے۔ اس کے مطابق اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ منتخب ہونے والے آزاد ڈائریکٹرز کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 166 اور کمپنیز (طریقہ کار و انتخاب آزاد ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018ء درج اہلیت آزادی کے معیار پر پورا اتریں گے اور ان کا نام SECP سے منظور شدہ پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے زیر انتظام، انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بیک میں شامل ہو۔ مزید برآں، ان کا انتخاب ان کی متعلقہ مہارتوں، قابلیت، علم اور تجربے کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

مزید یہ کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر ہر ڈائریکٹر سے متعلق مطلوبہ معلومات اور بطور آزاد ڈائریکٹر امیدواروں کے انتخاب کے جواز کو بھی اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔

امیدواروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 اور دیگر قابل اطلاق قوانین و ضوابط کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلق متعلقہ دفعات و تقاضوں کا بغور مطالعہ کریں اور ان کی مکمل پابندی کو یقینی بنائیں۔

کمپنی کے موجودہ ڈائریکٹرز کا مذکورہ امور میں کوئی ذاتی مفاد نہیں، ماسوائے اس کے کہ وہ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں۔